## سوال

(404) رفع الیدین کے بارے میں ایک عبارت کا ترجمہ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس عبارت کا ترجمہ درکار ہے : (الثابت عن ابن عمر بالاسانید الصحیحۃ ہوانہ کان یرفع عند الافتتاح ، وعند الرفع من الرکوع وعند الرکوع حسبما رواہ مرفوعا) [التعلیق المجد، ص : ۸۹] یہ لفظ نہ جانے حسبما ہے یا جسما ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے جو کچھ صحیح سندوں کے ساتھ ثابت ہے وہ یہی ہے کہ وہ شروع نماز میں ، رکوع جاتے وقت اور رکوع سے سر اٹھاتے وقت رفع الیدین کیا کرتے تھے ۔ جیساکہ انہوں نے اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوعاً بیان فرمایا ہے ۔ یہ لفظ ''حسبما'' ہے ''جسما'' نہیں ۔

# فتاویٰ علمائے حدیث

[کتاب الصلاۃ جلد 1]

# محدث فتویٰ